2019 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

**اردو اعلیٰ پرچہ - پہلا**

وقت = 2.30 گھنٹے

## اِنشائیہ

کل نمبر = 80

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

## حصہ اول

2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 2 + 12

کیا میں نے اس خاک داں سے کنارا — جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ

بیاباں کی خلوت، خوش آتی ہے مجھ کو — ازل سے ہے فطرت میری راہبانہ

نہ بادِ بہاری، نہ گلچیں، نہ بُلبل — نہ بیماریٔ نغمۂ عاشقانہ

3۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 4 + 1 + 4

(الف) یاد جب مجھ کو مدینے کی فضا آتی ہے — سانس لیتا ہوں تو جنت کی ہوا آتی ہے

خاک چھانیں تو رہِ عشقِ نبیؐ میں چھانیں — ذرّے ذرّے سے یہاں بوئے وفا آتی ہے

(ب) غفلت کی ہنسی سے آہ بھرنا اچھا — افعالِ مضر سے کچھ نہ کرنا اچھا

اکبر نے سُنا ہے اہلِ غیرت سے یہی — جینا ذلت سے ہو تو مرنا اچھا

## حصہ دوم

4۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

ان کلرکوں میں ہر عمر کے لوگ تھے۔ ایسے کم عمر بھولے بھالے ناتجربہ کار بھی جن کی ابھی مسیں بھی پوری نہیں بھیگی تھیں اور جنھیں ابھی سکول سے نکلے تین مہینے بھی نہیں ہوئے تھے اور ایسے عمر رسیدہ جہاں دیدہ گھاگ بھی جن کی ناک پر سالہا سال عینک کے استعمال کے باعث گہرا نشان پڑ گیا تھا اور جنھیں اس سڑک کے اتار چڑھاؤ دیکھتے دیکھتے پچیس پچیس تیس تیس برس ہو چکے تھے۔

5۔ (الف) درج ذیل شعرا میں سے کسی ایک پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10 = 6 + 4

(i) مولانا ظفر علی خاں (ii) حفیظ جالندھری

(ب) غلام عباس پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 = 2 + 3

6۔ درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(i) خواجہ سگ پرست (ii) مہارانی (iii) چمپا (iv) ارشاد

7۔ دبستان دہلی کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ **یا** شوکت صدیقی کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیے۔ 10

8۔ ’’ نعت ‘‘ اور ’’ ناول ‘‘ پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 + 5

| Paper Code |
|---|
| Number: **2371** |

2019 (A)

رول نمبر ____________

**انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )**

# اردو اعلیٰ پرچہ - پہلا

وقت = 30 منٹ

کل نمبر = 20

## معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' قصہ خواجہ سگ پرست کا '' داستان ____ سے لیا گیا ہے۔ (A) باغ و بہار (B) فسانہ عجائب (C) آرائش محفل (D) امیر حمزہ

(2) میر امن تھے۔ (A) افسانہ نگار (B) داستان گو (C) شاعر (D) ناول نگار

(3) '' امراؤ جان ادا '' کے مصنف ہیں۔ (A) میر امن (B) مرزا رسوا (C) حالی (D) اقبال

(4) صحت یاب ہونے کے بعد سلمان کی ماں کا اصرار تھا کہ وہ کرے:۔ (A) کاروبار (B) ملازمت (C) شادی (D) سفر

(5) '' آنگن '' تحریر کیا ہے۔ (A) میر امن نے (B) حالی نے (C) خدیجہ مستور نے (D) اقبال نے

(6) '' سوزِ وطن '' ____ کا افسانوی مجموعہ ہے؟ (A) پریم چند (B) منٹو (C) غلام عباس (D) حالی

(7) افسانہ '' کتبہ '' کے مصنف ہیں۔ (A) غلام عباس (B) خدیجہ مستور (C) منٹو (D) پریم چند

(8) شریف حسین تھا۔ (A) وکیل (B) بینک منیجر (C) مالی (D) کلرک

(9) '' فاصلے '' کے مصنف کا نام ہے۔ (A) مرزا ادیب (B) حالی (C) اقبال (D) منٹو

(10) اُردو میں مضمون نگاری کا آغاز کیا۔ (A) غالب نے (B) سرسیّد نے (C) اقبال نے (D) حالی نے

(11) '' ابن مریم ہوا کرے کوئی '' میں صنعت موجود ہے۔ (A) تضاد (B) تلمیح (C) لف و نشر (D) ایہام

(12) '' عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی '' میں صنعت موجود ہے۔ (A) تلمیح (B) تضاد (C) ایہام (D) ترصیع

(13) '' تیری تاخیر ہوگئی آخر ____ میری تقدیر سو گئی آخر '' اس شعر میں صنعت موجود ہے۔ (A) ترصیع (B) تضاد (C) ایہام (D) لف و نشر

(14) تعلیل ____ زبان کا لفظ ہے۔ (A) فارسی (B) اُردو (C) عربی (D) ترکی

(15) '' کل بول کر جزو مراد لینا '' کا تعلق ہے۔ (A) کنایہ (B) تلمیح (C) مجاز مرسل (D) تضاد

(16) چاند سا چہرہ ہے۔ (A) استعارہ (B) تلمیح (C) تشبیہ (D) مجاز مرسل

(17) '' ستارہ آنکھیں '' میں ہے۔ (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کنایہ

(18) تشبیہ کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ (A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) مرادی معنوں میں (D) لغوی معنوں میں

(19) '' آدمی وہ ہے جس میں آدمیت ہے '' میں کونسا کنایہ ہے؟ (A) کنایہ قریب (B) کنایہ بعید (C) تعریض (D) تلویح

(20) طرفین تشبیہ کہتے ہیں۔ (A) مشبہ، مشبہ بہ (B) مشبہ (C) وجہ شبہ (D) حرفِ تشبیہ

## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN
## OBJECTIVE KEY FOR ITERMEDEAT ANNUAL/SUPPLY EXAMINATION,2019

Name of Subject: Urdu Advance Session: ____________

| Q.Nos | Paper Code 2371 | Paper Code | Paper Code | Paper Code |
|---|---|---|---|---|
| 1 | A | | | |
| 2 | B, C | | | |
| 3 | B | | | |
| 4 | C | | | |
| 5 | C | | | |
| 6 | A | | | |
| 7 | A | | | |
| 8 | D | | | |
| 9 | A | | | |
| 10 | B | | | |
| 11 | B | | | |
| 12 | B | | | |
| 13 | A | | | |
| 14 | C | | | |
| 15 | C | | | |
| 16 | C | | | |
| 17 | B | | | |
| 18 | A | | | |
| 19 | B | | | |
| 20 | A | | | |

**سرٹیفکیٹ بابت صحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key**

ہم نے مضمون اردو ایڈوانس پرچہ A گروپ ______ سکیم ______ انٹر سالانہ امتحان 2019ء کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی(Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی(MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات/ مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کردی گئی ہیں۔

**Prepared & Checked By:** **Dated:** 28-5-2019

| S.# | Name | Designation | Institution | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | DR. Muhammad Abrar | Associate Professor | Govt. College Civil Lines Multan | 0333-6102985 | |
| 2 | DR. RIAZ HUSSAIN | A.P. | Govt. College Civil Lines, Multan | 0321-6396971 | |
| 3 | | | | | |